صوبہ البرز کے شہداء کی یادگاری کانفرنس کے منتظمین سے ملاقات - 16 /Dec/ 2025

صوبہ البرز کے ۵۵۸۰ شہداء کی یاد میں منعقد ہونے والی عظیم کانفرنس کے منتظمین سے ملاقات کے موقع پر رہبر معظمِ انقلابِ اسلامی کے بیانات، آج رات اس اجلاس کے مقام کرج میں نشر کیے گئے۔

حضرت آیت‌اللہ خامنہ‌ای نے اس ملاقات میں موجودہ حالات میں ایک اہم ترین فریضہ یہ قرار دیا کہ دورانِ دفاعِ مقدس کی اہداف اور اقدار نوجوان نسل تک منتقل کی جائیں، اور فرمایا: "آج کے ہمارے نوجوان، اچھے نوجوان ہیں ؛ اگرچہ ان کے اذہان تک مختلف مضامین اور مفاہیم منتقل کرنے کے لیے جدید اور وسیع سہولتیں موجود ہیں، اس کے باوجود وہ اپنی دینی شناخت کو محفوظ رکھنے میں کامیاب رہے ہیں۔" اسی بنیاد سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اقدار کو خلاقانہ انداز میں نوجوانوں تک منتقل کیا جانا چاہیے۔

رہبر انقلاب نے شوقِ لقاءِ الٰہی اور احساسِ فریضۂ کو دفاعِ مقدس کے مجاہدین میں پائی جانے والی درجنوں اقدار اور محرکات میں سے شمار کیا، اور اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ ان انگیزشوں کو خاموش نہیں ہونے دینا چاہیے، فرمایا: "کچھ ثقافتی اداروں اور بعض ذمہ دار سرکاری شعبوں کے طرز عمل سے جو تاثر ملتا ہے، وہ دفاعِ مقدس کی اقدار کو منتقل کرنے کے لیے مطلوبہ عزم اور کوشش کی عکاسی نہیں کرتا۔"

حضرت آیت‌اللہ خامنہ‌ای نے اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ دفاعِ مقدس کی اقدار اور اہداف کی نئی نسل تک منتقلی، مسلسل پیروی اور خلاقانہ کاوش کی محتاج ہے، فرمایا: "تمام تر سختیوں، تنگ دستیوں اور مشکلات کے باوجود، ملک میں اسلام اور انقلاب کی سمت پیش رفت کے لیے بے شمار مثبت پہلو اور آمادگیاں موجود ہیں، جنہیں تقویت دی جانی چاہیے۔"

آپ نے صوبہ البرز کے عوام—خصوصاً اس صوبے کے شہداء کے گھرانوں—کی تعظیم و تکریم کرتے ہوئے اور شہداء کی یاد میں منعقدہ اس اجلاس کے منتظمین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے فرمایا:
ایران کے مختلف علاقوں سے افراد کی کرج میں موجودگی ایک اہم موقع ہے، اور اگر شہداء کی یاد اور ان کے پیغام اور اقدار کا فروغ درست اور مؤثر انداز میں انجام پائے، تو یہی زمینہ ان پیغامات کو ملک کے دیگر علاقوں تک منتقل کرنے کا ذریعہ بن سکتا ہے۔